## کراچی میں ہونیوالے بم دھماکے ملک کو غیر مستحکم کرنے کیلئے کی جانے والی سازشوں کا حصہ ہیں۔ الطاف حسین

## انتہا پسند عناصر اپنے مذموم مقاصد کیلئے پورے ملک کو دہشت گردی کی آگ میں جھونک رہے ہیں

## دہشت گردی کی اس لہر کو روکنے اور شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کیلئے فوری طور پر ٹھوس اقدامات کئے جائیں

## کراچی کے عوام اپنے اتحاد کا مظاہرہ کریں اور شہر کا امن تباہ کرنے والوں پر نظر رکھیں

لندن۔۔۔7 جولائی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کراچی کے مختلف علاقوں میں بم دھماکوں کی پرزور الفاظ میں مذمت کی ہے اور ان واقعات میں متعدد افراد کے ہلاک وزخمی ہونے پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ کراچی میں ہونیوالے یہ بم دھماکے ملک کو غیر مستحکم کرنے کیلئے کی جانے والی سازشوں کا حصہ ہیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ گزشتہ کئی روز سے قبائلی علاقوں میں خودکش بم دھماکے اور دہشت گردی کا سلسلہ جاری ہے، کل اسلام آباد میں بھی خودکش بم دھماکہ ہوا اور آج کراچی کو نشانہ بنایا گیا ہے اور شہر کے مختلف علاقوں میں بم دھماکے کرائے گئے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ انتہا پسند عناصر اپنے مذموم مقاصد کیلئے پورے ملک کو دہشت گردی کی آگ میں جھونک رہے ہیں اور کراچی جو پاکستان کی اقتصادی شہ رگ ہے اب اس کا امن وامان تباہ کر کے پاکستان کو تباہ کرنے کی سازش کی جارہی ہے۔ جناب الطاف حسین نے صدر پرویز مشرف، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، مشیر داخلہ رحمٰن ملک اور حکومت کے تمام ارباب اختیار سے کہا کہ دہشت گردی کی اس لہر کو روکنے اور شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کیلئے فوری طور پر ٹھوس اقدامات کئے جائیں۔ جناب الطاف حسین نے کراچی کے عوام سے اپیل کی کہ وہ اپنے اتحاد کا مظاہرہ کریں اور شہر کا امن تباہ کرنے والوں پر نظر رکھیں۔ جناب الطاف حسین نے کراچی میں بم دھماکوں میں جاں بحق ہونے والے افراد کے لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کیا اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ جاں بحق ہونے والوں کو اپنی جوار رحمت میں جگہ دے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ انہوں نے زخمیوں کی جلد صحتیابی کی بھی دعا کی۔

## مسلح ڈاکوؤں نے موبائل فون چھینے کے دوران مزاحمت کرنے پر ایم کیو ایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر کے کارکن محمد فہیم صدیقی اور ہمدرد محمد عامر عظیم کو فائرنگ کر کے شہید کردیا

## شہداء کو عزیز آباد اور محمد شاہ قبرستانوں میں آہوں اور سسکیوں کے درمیان سپرد خاک کردیا گیا

کراچی۔۔۔7، جولائی 2008ء

اتوار کے روز مسلح ڈاکوؤں نے موبائل فون چھیننے کی واردات کے دوران فائرنگ کر کے متحدہ قومی موومنٹ فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 146 کے کارکن محمد فہیم صدیقی اور ہمدرد محمد عامر عظیم کو شہید کردیا۔ تفصیلات کے مطابق محمد زاہد اسکوائر بلاک 16 فیڈرل بی ایریا میں مسلح ڈاکوؤں نے ایم کیو ایم کے کارکنان فہیم صدیقی اور محمد عامر عظیم سے موبائل فون چھیننے کی کوشش کی اور مزاحمت کرنے پر ان پر فائرنگ کردی۔ مسلح ڈاکوؤں کی فائرنگ سے محمد عامر عظیم موقع پر ہی شہید ہوگئے جبکہ محمد فہیم صدیقی اسپتال میں طبی امداد کے دوران زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے شہید ہوگئے۔ محمد فہیم صدیقی شہید کی عمر 33 سال تھی اور ان کے سوگواران میں بیوہ، 2 بچے، والدین، 3 بہنیں اور ایک بھائی شامل ہیں۔ جبکہ محمد عامر عظیم شہید کی عمر 36 سال تھی اور ان کے سوگواران میں بیوہ، ایک بیٹا اور ایک بیٹی شامل ہیں۔ دریں اثناء محمد فہیم صدیقی شہید کو عزیز آباد کے شہداء قبرستان جبکہ محمد عامر عظیم شہید کو محمد شاہ نارتھ کراچی کے قبرستان میں سینکڑوں سوگواران کی آہوں اور سسکیوں کے درمیان سپرد خاک کردیا گیا۔ شہداء کی نماز جنازہ اور تدفین میں رابطہ کمیٹی کے رکن شاہد لطیف، حق پرست صوبائی وزیر رؤف صدیقی، اراکین قومی اسمبلی سفیان یوسف، شیخ صلاح الدین، عبدالوسیم، حق پرست اراکین سندھ اسمبلی خالد بن ولایت ایڈوکیٹ، امام الدین شہزاد، حق پرست ٹاؤن ناظم گلبرگ ٹاؤن کمال احمد، یوسی ناظمین، کونسلرز، ایم کیو ایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر کمیٹی کے اراکین، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان اور ہمدردوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

## ایم کیوایم کے کارکن فہیم صدیقی اور ہمدرد عامر عظیم کی شہادت پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔7،جولائی2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے مسلح ڈاکوؤں کی فائرنگ سے ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 146 کے کارکن محمد فہیم صدیقی اور ہمدرد محمد عامر عظیم کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے محمد فہیم صدیقی شہید اور محمد عامر عظیم شہید کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہداء کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل کرے۔(آمین)

## فہیم صدیقی اور عامر عظیم کے سفاک قاتلوں کو گرفتار کیا جائے،رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔7،جولائی2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے مسلح ڈاکوؤں کے ہاتھوں ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر کے کارکن محمد فہیم صدیقی اور ہمدرد محمد عامر عظیم کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ جرائم پیشہ عناصر کراچی کا امن وسکون غارت کرنے کی گھناؤنی کارروائیوں میں مصروف ہیں اور کھلے عام شہریوں کی جان ومال سے کھیل رہے ہیں۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ میڈیا میں یہ بات واضح طور پر کہی جارہی ہے کہ قبائلی علاقوں سے کراچی میں نقل مکانی کرنے والے ڈکیتی اور دہشت گردی کی وارداتیں کررہے ہیں۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ جو عناصر اپنے مذموم عزائم کی تکمیل کیلئے شہریوں کی جان ومال سے کھیل رہے ہیں وہ کراچی اور اس کے عوام کے کھلے دشمن ہیں۔رابطہ کمیٹی نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد، وزیر اعلیٰ سندھ قائم علی شاہ اور صوبائی وزیر داخلہ ڈاکٹر ذوالفقار مرزا سے مطالبہ کیا کہ ڈاکوؤں کے ہاتھوں محمد فہیم صدیقی اور محمد عامر عظیم کی شہادت کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور سفاک قاتلوں کو گرفتار کرکے قانون کے مطابق سخت ترین سزا دی جائے۔

☆☆☆☆☆